AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 04 October 2026
Time : 07:40 PM

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی۔
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

✓ ۱ ۔۔۔۔ نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ ملک کے اداروں ایم ایس ایم ایز اور سٹارٹ اَپس کی قوت پر وکست بھارت کا سفر آگے بڑھے گا۔

✓ ۲ ۔۔۔۔ سرحد پار سے غیر قانونی طور پر دراندازی کی حمایت کرنے خلاف بھارت کا پاکستان کے خلاف سخت احتجاج۔

✓ ۳ ۔۔۔۔ معاشرے اور قوم کے مستقبل کی تعمیر میں اساتذہ کا اہم رول // سکینہ ایتو

اور

✓ ۴ ۔۔۔۔ شیر کشمیر کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلے گئے ایرانی کپ **2026** میں ریسٹ آف انڈیا کی ٹیم نے جموں وکشمیر کرکٹ ٹیم کو **167** رن سے دی شکست۔

نائب صدر

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ وکست بھارت کا سفر ملک کے اداروں، چھوٹے ،بہت چھوٹے اور درمیانہ درجے کے کاروباری اداروں نیز اسٹارٹ اپ اداروں کی قوت پر آگے بڑھے گا۔
وہ آج نئی دلی میں بھارت کے کمپنی سیکریٹریوں کے انسٹی ٹیوٹ ICSI کے 58 ویں یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔نائب صدر نے زور دے کر کہا کہ ملک سرمایہ کاروں کا بھروسہ اور اعتماد حاصل کئے بغیر آگے نہیں بڑھ سکتا۔انہوں نے کہا کہ بھارت دنیا میں سب سے تیز رفتار ترقی کرنے والی معیشتوں میں سے ایک ہے۔ساتھ ہی وہ تیز رفتار تکنیکی پیش رفت اور ترقی کے دور میں بھی داخل ہو رہا ہے۔
انہوں نے امید ظاہر کی کہ مضبوط آتم نر بھر بھارت کی تعمیر میں ICSI کی اجتماعی کوششوں کی بدولت ملک ایک دن دنیا کی واحد سب سے بڑی معیشت بن جائے گا۔

وزارت خارجہ

وزارت خارجہ نے پاکستان کے سفیر کو طلب کر کے سرحد پار سے غیر قانونی طور پر دراندازی کیلئے حمایت دینے کے خلاف بھارت کا سخت احتجاج درج کرایا۔بھارت نے ساتھ ہی پنجاب کے فیروز پور سیکٹر میں بین الاقوامی سرحد کے متصل ایک واقعہ کی نسبت سے لگائے گئے الزامات کو بھی سرے سے ہی مسترد کر دیا۔
وزارت خارجہ نے بتایا کہ پاکستان کو یہ باور کرایا گیا ہے کہ وہ اپنی طرف سے منشیات اور غیر قانونی دراندازی کو روکنے کیلئے سرحدوں کی حفاظت کرنے والے اپنی فورسز کو جواب دہ اور اس سلسلے میں باہمی معاہدوں کی پاسداری کو یقینی بنائے۔

پی ایم سیتو

اَپگریڈ کئے گئے آئی ٹی آئز کے ذریعے پردھان منتری ہنرمندی اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے والی اسکیم پی ایم سیتو کا آج ایک سال مکمل ہوگیا ہے۔ہنرمندی کی ترقی اور صنعت کاری کی وزارت کی اسکیم پی ایم سیتو کا آغاز پچھلے برس 4 اکتوبر کو کیا گیا تھا۔اس اسکیم کا مقصد صنعت پر مبنی حکمرانی کو مضبوط کرنا، تربیت سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو اَپگریڈ کرنا اور اُبھرتی ہوئی افرادی قوت کی مانگ کے مطابق کورسز کو فروغ دینا شامل ہے۔

جن سیوا سے دیس سیوا

وزیراعظم نریندر مودی عوامی خدمت کے اپنے سفر کے 25 سال مکمل کر رہے ہیں۔ ان 25 برسوں کے سفر کی کامیابی وزیر اعظم کے ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے جذبے سے واضح ہو جاتی ہے۔

اس خصوصی سیریز کے سلسلے میں سماعت کریں۔

''One Nation One Taxation'' سے متعلق ہمارے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

..........Report.........

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے آج سانبا ضلع کے سانبہ بلاک میں زیر تعمیر دو پلوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ موصوف نے پلوں کی تعمیر میں تاخیر پر ناراضگی کا اظہار کیا۔

انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ کام کی تاخیر میں وجوہات کا پتا لگا کر ضروری اقدامات کریں اور تعمیری کام میں سرعت لا کر ان کی تکمیل کو یقینی بنائیں۔

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ اساتذہ تعلیمی نظام کی بنیاد ہے اور معاشرے اور قوم کے مستقبل کی تشکیل میں اُن کا ایک اہم رول ہے۔ موصوفہ جموں وکشمیر رہبر تعلیم اساتذہ فورم کی جانب سے SCERT بمنہ میں منعقدہ ایک روزہ میگا ٹیچرس کانفرنس سے خطاب کر رہی تھیں۔

کانفرنس کا موضوع تھا ''اساتذہ کے کردار، حقوق اور ذمہ داریاں''۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے قوم کی تعمیر میں تدریسی عملے کی خدمات کو سراہا اور رہبر تعلیم اساتذہ کی لگن اور محنت کو تسلیم کیا۔ جنہوں نے جموں وکشمیر کے دور دراز اور مشکل گزار علاقوں میں اپنی خدمات انجام دی ہیں۔

جاوید ڈار

سرکار تعلیم یافتہ نوجوانوں کو کارخانہ داری اور خود روزگار حاصل کرنے کے مشن کو فروغ دینے کیلئے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے، جن میں ہالیسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام (HADP) اور جموں وکشمیر Competitiveness improvement of Agricuilture and Allied Scetors پروجیکٹ (JK-CIP) شامل ہیں۔

ان باتوں کا اظہار زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے اننت ناگ ضلعے کے دورے کے دوران ہمارے نمائندے تصدق رشید سے بات کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ سرکار نوجوان کارخانہ داروں کو مختلف قسم کے مراعات فراہم کرکے ان کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے تاکہ نوجوان خود روزگار یونٹ قائم کرکے نہ صرف اپنے لئے بلکہ دوسروں کیلئے بھی روزگار کے مواقعے فراہم کرنے کے اہل بن سکیں۔

------**Javid Dar**-------

وزیر موصوف نے مٹن اننت ناگ میں ایک کیفے کا بھی افتتاح کیا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

GONG

عالمی دن

آج جانوروں کا عالمی دن ہے۔ یہ دن ہمیں جانوروں کی بہبود، ان کا تحفظ یقینی بنانے اور ان کے تئیں نرمی اور ہمدردی کے ساتھ پیش آنے کی ترغیب دیتا ہے۔

اس دن جانوروں کے حقوق اور ان پر ہو رہے استحصال سے اجتناب کرنے کی بھی یاد دہانی کرائی جاتی ہے۔دنیا کے اکثر مذاہب نے جانوروں کے ساتھ نرمی سے پیش آنے کی تاکید کی ہے۔

غور طلب ہے کہ کرۂ ارض پر قدرتی ماحول میں توازن برقرار رکھنے کیلئے حیوانوں کا کلیدی رول ہے۔

وائلڈ لائف

ملک میں 2 اکتوبر سے 8 اکتوبر تک جاری وائلڈ لائف ویک 2026 کے ایک حصے کے طور پر جموں وکشمیر وائلڈ لائف پروٹکشن ڈیپارٹمنٹ یوٹی بھر میں کئی پروگراموں کا انعقاد کر رہا ہے۔ جس دوران قدرتی پناہ گاہوں کا تحفظ، ماحولیاتی رابطہ اور جنگلی حیات کو محفوظ رکھنے میں عوامی شرکت کی حوصلہ افزائی پر توجہ مرکوزکی جارہی ہے۔

اس سلسلے میں رام نگر وائلڈ لائف سنکچیوری میں Walk for wildlife, walk for drug free society کے موضوع کے تحت ایک تہذیبی ورثے کی ایک دوڑ کا اہتمام کیا گیا، جس میں طلباء، مختلف محکموں کے ملازمین، محققین، فطرت کے شائقین اور مقامی لوگوں کی ایک بھاری تعداد نے شرکت کی۔

دوڑ کو جنگلات وماحولیات کی کمشنر سیکریٹری شیتل نندا نے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اس موقعے پر محکمہ کے سینئر افسران کے علاوہ ضلع انتظامیہ اور یونیورسٹی کے فیکلٹی ممبران بھی موجود تھے۔

سکاسٹ

شیرِ کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے اہتمام سے انڈین سوسائٹی آف ایگریکلچرل انجینئرس کا 60 واں سالانہ ڈائمنڈ جوبلی کنونشن کل سے یونیورسٹی کے شالیمار کیمپس میں منعقد ہو رہا ہے جو 7 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ پروگرام کے دوران کاشتکاری کے جدید طریقوں اور Gen-Zee ایگریکلچر کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کرنے کیلئے بین الاقوامی سمپوزیم کا انعقاد بھی کیا جائے گا۔

میراتھن

آج بانڈی پورہ میں وُلر میراتھن کے تیسرے ایڈیشن کا انعقاد کیا گیا۔ بی ایس ایف کی طرف سے منعقدہ اس میراتھن میں ملک کے مختلف حصوں سے آئے ہوئے 3 ہزار سے زائد اتھلیٹوں نے شرکت کی۔ بعد میں بی ایس ایف کے اعلیٰ افسروں اور بانڈی پورہ کی ضلع ترقیاتی کمشنر اندو کنول چب نے دوڑ کے مختلف زمروں میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والوں میں انعامات تقسیم کئے۔

یہ دوڑ 5 کلو میٹر، 10 کلو میٹر، 25 کلو میٹر اور 50 کلو میٹر زمرے میں منعقد کی گئی۔ دوڑ کے پیش نظر ٹریفک پولیس رورل کشمیر نے میراتھان روٹ پر آج صبح 5 بجے سے دوپہر 2 بجے تک گاڑیوں کی آمدورفت معطل رکھی تھی۔

ہمارے نمائندے سہیل بٹ کے مطابق دوڑ کے احسن انعقاد کیلئے انتظامیہ اور دیگر محکموں نے خاطرخواہ انتظامات کئے تھے۔ نمائندے کے مطابق دوڑ کے دوران شہراہ آفاق جھیل وُلر کو تحفظ دینے اور جھیل کو آلودگی سے پاک رکھنے کی طرف لوگوں کی توجہ مبذول کرائی گئی۔

سر بمہر

اننت ناگ پولیس نے ڈرگ کنٹرول محکمے کے اشتراک سے ضلع کے مختلف علاقوں میں مشترکہ طور پر میڈیکل سٹوروں کا معائنہ کیا جس دوران لازمی ریکارڈ برقرار نہ رکھنے اور دیگر ضابطوں کی خلاف ورزیوں کی پاداش میں 5 ادویات کی دکانوں کو سر بمہر کر دیا گیا۔

ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید نے پولیس ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے خبر دی ہے کہ یہ کاروائی منشیات کنٹرول **Vision Document 2026-2029** کے تحت جاری مہم کا ایک حصہ ہے۔

حکام کے مطابق ادویات کے ضوابط پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنانے کیلئے ایسی کاروائیاں مستقبل میں بھی جاری رہیں گی۔

بی جے پی

جموں وکشمیر بی جے پی صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے کہا ہے کہ پارٹی جموں وکشمیر کے تمام 20 اضلاع میں 7 اکتوبر کو سیوا جوتی یاترا کے ذریعے سیوا کا جذبہ جموں وکشمیر کے ہر کونے تک پہنچائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ یاترا صرف ایک انتظامی پروگرام نہیں بلکہ عوامی خدمات کے جذبے کو لوگوں سے ملانے کا ایک موقعہ بھی ہے۔ وہ آج ترکوٹہ نگر جموں میں پارٹی ہیڈکوارٹر پر اس مہم کا جائزہ لے رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سیوا جوتی یاترا نامور شہریوں، سیول سوسائٹی کے ممبران، زندگی کے مختلف طبقہ ہائے فکر کے لوگوں اور نوجوانوں کے درمیان ایک پُل کی مانند کام کرے گا۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے مشرق وسطیٰ کے جاری بحران پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس بحران نے مشرق وسطیٰ کے ساتھ ساتھ پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔
انہوں نے کہا کہ جہاں ایک طرف انسانی جانوں کے ذیاں اور اقتصادی بحران کی وجہ سے پوری دنیا کو تشویش لاحق ہوئی ہے وہیں دوسری طرف عالمی تجارت اور اقتصادی منظرنامے پر بھی اس کے منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

منشیات فروش

اننت ناگ اور پلوامہ میں پولیس نے دو افراد کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے منشیات کی کچھ مقدار ضبط کی ہے۔ پولیس نے اُن کے خلاف مقدمہ درج کر کے، تحقیقات شروع کی ہے۔ سوپور میں پولیس نے غیر قانونی کان کنی اور معدنیات کی غیر قانونی نقل و حمل کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے پانچ گاڑیاں ضبط کر لی ہیں۔

روح پرور مجلس

حضرت میر سید احمد شاہ کرمانی رحمتہ اللہ علیہ اور زیارت شریف حضرت شیخ بہاؤ الدین گنج بخش رحمتہ اللہ علیہ واقع نوہٹہ میں آج روح پرور مجالس کا انعقاد ہوا جس دوران ختمات المعظمات، درود و اذکار، نعت و مناجات اور قرآن خوانی کی مجالس آراستہ ہوئیں۔ اس موقعے پر علماء کرام نے شان اولیاء، ان کی سیرت اور حیات طیبہ پر مفصل روشنی ڈالتے ہوئے عالم اسلام کے ساتھ ساتھ جموں و کشمیر میں امن و استحکام کیلئے خصوصی دعائیں مانگی۔

نیتن یاہو

اسرائیل کے وزیر اعظم نتن یاہو نے بھارتی پائلیٹ کیپٹن سمتھ مجھہار اور وزیر اعظم نریندر مودی کو اسرائیل کے آئندہ یوم آزادی کی تقریبات میں تقریباتی شمع روشن کرنے کیلئے مدعو کیا ہے۔
کیپٹن سمتھ کے ساتھ ٹیلی فون پر بات کرتے ہوئے نتن یاہو نے فضاء میں ہونے والے حملے کو ناکام بنانے اور بہادری کا مظاہرہ کرنے پر بھارتی پائلٹ کو بھارت اسرائیل اور پوری دنیا کیلئے ہیرو قرار دیا۔

نتن یاہو نے کہا کہ تقریب پر شمع روشن کرنے کا اعزاز روائتی طور پر صرف اسرائیلی شہریوں کیلئے مخصوص ہوتا ہے تاہم کیپٹن سمتھ کو یہ دعوت دینا ان کی بہادری اور جذبات کے تئیں ایک نادر اور اہم اعتراف ہے ۔

ایئرفورس

بھارتی فضائیہ نے آج ملک کے مختلف شہروں میں دوسری **Sekhon** انڈین ائیرفورس میراتھن کا اہتمام کیا۔ ان شہروں میں دلی ممبئی، چندی گڑھ، گوالیار، بنگلورو، گوہاٹی اور جودھپور شامل ہیں ۔
بھارتی فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ نے نئی دلی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں اس میراتھان کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

ایرانی کپ

سرینگر کے شیر کشمیر کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلے گئے ایرانی کپ 2026 میں ریسٹ آف انڈیا نے جموں و کشمیر کی ٹیم کو 167 رنز سے شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ میچ کے چوتھے روز آج جموں وکشمیر کی ٹیم 279 رنز کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے صرف 111 رن ہی بنا سکی ۔ ریسٹ آف انڈیا کے فاسٹ بولر مکیش کمار نے شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے 6 وکٹیں حاصل کیں ۔ سمرن روی چندرن کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا، جنہوں نے اپنی دوسری اننگ میں 135 رن سکور کئے ۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **31.2** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **11.7** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **33** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **22.5** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔
سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **6** بجکر **28** منٹ اور غروب آفتاب شام **6** بجکر **10** منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ۔